## مخبر کون ہوتا ہے؟

مساجد یا عبادت کی دیگر جگھوں پر، تنظیموں، کام کی جگھوں، یا افراد کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے حکومت مخبروں کو استعمال کرتی ہے-

مخبر (1) قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے نجی طور پر کام کرنے والے یا (2) ایف بی آئی یا پولیس کے جاسوس ہو سکتے ہیں - وہ جو بھی ہوں اپنا حکومت سے تعلق نہیں بتلائیں گے-

مخبر ان لوگوں یا تنظیم کو نہیں بتائے گا جن کی مرضی کے بغیر وہ جاسوسی کرکے حکومت کو معلومات فراہم کررہا ہے- مخبر دوسروں کو کسی جرم میں شمولیت کی ترغیب دینے کی کوشش کر سکتے ہیں-

## آپ مخبر کو کیسے پہچان سکتے ہیں؟

مخبر کو پہچاننے کا کوئی یقینی طریقہ نہیں ہے کیونکہ مخبر کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ اس پر شک نہ ہو- البتہ ٹرائل میں جانے والے مقدمات کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ مخبر وہ ہوتا ہے جو:

- ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے خلاف تشدد کے لیے اکسائے؛
- ان گروہوں یا افراد سے تعلق کا حوالہ دے جنہیں دہشت گرد نامزد کیا گیا ہے؛
- نوجوان یا بے دست و پا افراد کو یا انہیں جن کا مجرمانہ ریکارڈ ہو ہدف بنائے؛
- مشکوک حد تک کشادہ دل ہو، اپنی دولت کو دوستیاں بنانے کے لیے استعمال کرے، اور مہنگے تحفوں کے وعدے کرے؛
- دوسروں کو اپنی سرگرمیوں میں شامل ہونے کی بار بار ترغیب دے؛
- جارح اور باعثِ تفریق ہونے کی خصوصیات کا حامل ہو-

## اگر مجھے شک ہو کہ کوئی مخبر ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

- اس شخص سے دور رہنے کی کوشش کیجیے-
- یہ واضح کیجیے کہ آپ کی مسجد، کمیونٹی تنظیم، یا مرکز جارح اور تند تقاریر برداشت نہیں کرتا-
- اپنی تشویش سے اپنی کمیونٹی یا جس کسی فرد پر آپ کو اعتماد ہو، کو آگاہ کریں-
- صورتِ حال سے نپٹنے کے لیے دیگر راہوں کے انتخاب کی خاطر 'کلیئر' (CLEAR) سے رابطہ کریں-

## مخبر ایک مسئلہ کیوں ہیں؟

- مخبروں کی طرف سے کسی کمیونٹی کی قانونی سرگرمیوں پر رپورٹنگ شک، تفریق اور عدم تحفظ کو پیدا کرتی ہے-
- حکومت نے مخبروں کے ذریعے کمزور افراد کو مجرمانہ سرگرمیوں میں پھنسایا ہے-
- مخبر اکثر جھوٹ بولتے ہیں-
- اگر شناخت کرانے کا کہا جائے تب بھی مخبر اپنی شناخت نہیں کراتے-
- مخبر کسی تلاشی وارنٹ (search warrant) کے بغیر بھی مذہبی اجلاسوں یا اجتماعات میں شرکت کرتے ہیں جو پبلک کے لیے کھلے ہوں-
- مخبروں کے پاس عموماً خفیہ ریکارڈنگ کے آلات ہوتے ہیں، جس سے وہ گفتگو ریکارڈ کرسکتے ہیں اور کسی ممکنہ استعمال کے لیے حکومت کو پیش کرسکتے ہیں-

## کیا یہ دام میں پھانسنے(entrapment) کا عمل نہیں؟

- پھانسنے پر عدالت میں قانونی جواب دعویٰ صفائی (entrapment defense) ہو سکتا ہے، لیکن صرف تب جب کسی فرد پر خلافِ قانون کام کرنے کا الزام لگے-
- پھانسنے پر جواب دعوی صفائی صرف اس دلیل کے ساتھ ہو سکتا ہے کہ جرم بنیادی طور پر حکومت کی طرف سے گھڑا گیا ہے-
- جواب دعویٰ صفائی کی تعریف نہایت محدود ہے، اور بجائے حکومتی خطا کے مدعا علیہ کی ذہنی حالت پر مرکوز ہے-
- ججوں اور جیوریوں نے تقریباً ہمیشہ پھانسنے کے جواب دعوی صفائی کو رد کیا ہے-

## میں اپنا تحفظ کیسے کرسکتا/سکتی ہوں؟

- اگر آپ کا کوئی جرم یا خلاف ورزی (offense) کرنے کا ارادہ نہیں بھی تو بھی یہ خیال رہے کہ غیر واضح معاہدوں کو "مادی تعاون" (material support) سے تعبیر دیا جا چکا ہے اور افراد کو اس کے تحت مجرم قرار دیا جا چکا ہے- اس لیے غیر واضح معاہدے کرتے وقت احتیاط کریں- ایسے معاہدوں کی غلط تعبیر ہوسکتی ہے یا انہیں سیاق و سباق سے ہٹ کر لیا جا سکتا ہے-
- ایک مخبر آپ کو ایسی تنظیم یا شخص کے ساتھ شمولیت کی ترغیب دے سکتا ہے جسے دہشت گرد نامزد کیا گیا ہو یا جو دہشت گردی کی حمایت کررہی ہو- ایسے شخص یا گروہ سے کوئی بھی تعلق آپ کے خلاف فوجداری کارروائی (criminal proceeding) کی راہ ہموار کر سکتا ہے یا آپ کی امیگریشن حیثیت کو متاثر کر سکتا ہے- کسی گروہ یا شخص کے ساتھ شامل ہونے کی حامی بھرنے سے پہلے از خود تحقیق کریں- "سپیشلی ڈیزگنیٹڈ نیشنلز" (Specially Designated Nationals) کی فہرست کے لیے سٹیٹ ڈپارٹمنٹ کی ویب سائٹ دیکھیں یا 'کلیئر' (CLEAR) سے رابطہ کریں-
- اگر آپ کو کبھی شبہ ہو کہ آپ کا واسطہ ایک مخبر سے پڑ گیا ہے تو آپ مفت مشاورت کے لیے 'کلیئر' سے رابطہ کرسکتے ہیں-
- بات کرتے ہوئے ہمیشہ اپنے ارادے واضح رکھیں: کہ آپ تشدد کے استعمال کی وکالت نہیں کررہے-
- اور یہ بھی کہ آپ کسی کو مجرمانہ سرگرمی (جیسےمداخلت بیجا، غارتگری، دھاوا وغیرہ) میں شامل ہونے کے لیے دباؤ نہیں ڈال رہے- لوگوں کو مجرمانہ سرگرمیوں میں شمولیت کی دعوت قانوناً محفوظ گفتگو (protected speech) نہیں

سمجھی جاتی-

**پہلی ترمیم (First Amendment) کے تحت میرے حقوق کیا ہیں؟**

9/11 کے بعد امریکہ میں رہنے والے مسلمان امریکی حکومت کی پالیسیوں کے خلاف احتجاج اور بات کرنے سے خوف زدہ ہو گئے ہیں- آپ کیا کہہ رہے ہیں، اس بارے میں احتیاط اہم ہے، لیکن منظم ہونا، اکھٹے ہونا اور اظہار کرنے کی آزادی جیسے حقوق کا استعمال بھی کم وبیش اتنا ہی اہم ہے-

امریکی قانون میں پہلی ترمیم ایک فرد کے اعتقادات کے اظہار کے حق کا تحفظ کرتی ہے، ان اعتقادات کو بھی جو عمومی طور پر غیرمقبول ہوتے ہیں-

پہلی ترمیم ان چیزوں کو تحفظ نہیں دیتی:

- ایسی تقریر جو فوری تشدد یا غیر قانونی فعل کے لیے بھڑکانے کے مقصد کے تحت کی گئی ہو-
- ایسی تقریر جو فوری پرتشدد ردِعمل کا باعث بن سکتی ہو-

**اگر مجھے مخبر بننے یا حکومت کو معلومات دینے کا کہا جائے تو؟**

- آپ حکومت کے ساتھ کام کرنے یا قانون نافذ کرنے والے ادارے کو معلومات دینے کے بالکل پابند نہیں- اگر آپ حکومت کے مخبر ہیں تب بھی آپ کسی بھی وقت یہ کام چھوڑ سکتے ہیں-
- قانون نافذ کرنے والے ادارے ان افراد کو بھرتی کرتے ہیں جو یا تو اس کمیونٹی میں سے ہوں یا اس سے واقفیت رکھتے ہوں، جس کے بارے میں معلومات اکٹھی کی جا رہی ہو- اگر آپ کو حکومت کی طرف سے مخبر بننے کی پیش کش ہو تو شرمندہ مت ہوں-
- حکومت کا مختلف ترغیبات دے کر مخبر بننے کی پیش کش کرنا ایک عام بات ہے- مخبر عموماً کسی فوجداری سزا (criminal sentence) میں کمی یا امیگریشن میں رعایت کے واسطے حکومت کے لیے کام کرتے ہیں- وہ اجرت کے لیے بھی کام کر سکتے ہیں-
- مخبر بننے یا معلومات پہنچانے کے لیے حکومتی کارندے آپ کو ڈرا سکتے ہیں، دباؤ ڈال سکتے ہیں یا ترغیب دے سکتے ہیں-

**... تو پھر مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

کسی وکیل سے بات کریں- قانونی مشورہ آپ کو اپنے حقوق اور انتخاب کا بہتر فہم دے سکتا ہے-
اگر آپ پہلے ہی سے حکومت کے مخبر کے طور پر کام کرتے ہیں تو جان لیجیے کہ آپ اپنا ارادہ کسی بھی وقت بدل سکتے ہیں-
یاد رکھیے کہ مخبری کے کام کے بدلے حکومت کسی بھی وعدے کو پورا کرنے کی پابند نہیں-

**قانونی امداد کے لیے ہم سے رابطہ کریں**

اگر آپ کو قانونی امداد، صلاح، یا حوالہ کی ضرورت ہو تو 'کلیئر' سے رابطہ کریں- ہم نفاذِقانون سے متعلق سوالات اور پوچھ گچھ؛ گرینڈ جیوری اور سمن کا اجرا؛ خیرات؛ سفر؛ وغیرہ کے لیے افراد کی نمائندگی اور مشاورت کرتے ہیں-
ہماری خدمات بلامعاوضہ ہیں-

**آگاہی بڑھائیں!**

اپنی مساجد یا کمیونٹی سنٹر میں 'کلیئر' کی 'اپنے حقوق جانیے'(Know Your Rights) ورکشاپ کا اہتمام کیجیے- 'کلیئر' یہ ورکشاپ مفت کرتا ہے-

اپنے حقوق جانیے!

**مخبروں کے بارے میں آپ کو کیا جاننا چاہیے**

9/11 کے بعد امریکی حکومت نے مسلمان، عرب اور جنوبی ایشیائی کمیونیٹیز کی نگرانی بڑھا دی ہے- زیادہ تر نگرانی مخبروں کے ذریعے کی جاتی ہے- اس پمفلٹ کا مقصد ایسی معلومات فراہم کرنا ہےجس سے آپ کسی مخبر سے واسطہ پڑنے یا قانون نافذ کرنے والے کسی ادارے کی طرف سے مخبر بننے کی پیش کش کی صورت میں بہتر طور پر تیار ہوں-

CLEAR — CREATING LAW ENFORCEMENT ACCOUNTABILITY & RESPONSIBILITY

**CLEAR SERVICES ARE PROVIDED FREE OF CHARGE.**
For more information, or to request support:
(718) 340-4558 | cunyclear@law.cuny.edu
www. cunyclear.org

CUNY SCHOOL OF LAW
MAIN STREET LEGAL SERVICES